This question paper contains 3 printed pages]

*Your Roll No.......................*

**6425**

**B.A. (Hons.)/I** **E**

URDU—Paper I

(Modern Prose and Poetry)

*Time : 3 Hours* *Maximum Marks : 75*

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

**نوٹ** : صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ نمبر مساوی ہیں۔ آخری سوال لازمی ہے۔

۱۔ اقبال کی شاعری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

۲۔ فیض کی شاعری کا محاکمہ پیش کیجئے۔

۳۔ فراق کی غزل گوئی پر اپنی رائے لکھئے۔

۴۔ فانی کی شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے۔

۵۔ کرشن چندر کی افسانہ نگاری کے فن پر ایک مضمون لکھئے۔

۶۔ غالب کی مکتوب نگاری کی نثری خصوصیات بیان کیجئے۔

۷۔ محمد حسین آزاد کی تمثیل نگاری کی اہم خصوصیات لکھیے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

''گناہ اس برے عمل کو کہتے ہیں جو چھپا نہ رہے اور ظاہر ہو جائے، جو گناہ چھپا رہے وہ گنا نہیں ہے۔ تمہارے اخلاقی دستورالعمل میں رسوائی گناہ ہے۔ گناہ اگر راز ہو تو اس کا جواز ثابت کیا جا سکتا ہے۔ اگر جذام کے داغ لباس کے نیچے چھپے ہوئے ہیں تو تم ہرگز جذامی نہیں ہو۔ عیب تو صرف وہ ہے جو ظاہر ہو جائے تمہارے اخلاق کی عمارت کا سب سے بڑا ستون اخفا ہے لیکن مرد اپنی زندگی کے اس دائمی فریب سے قطع نظر کر لیتا ہے اور عورت کی مکاری اور عیاری کی داستانوں سے دنیا کے کان بھر دیتا ہے، شاید تمہیں بھی میرے ہر لفظ سے بوئے مکر آئے گی۔''

(ب)

سچ کہہ دوں اے برہمن! گر تو برا نہ مانے
تیرے صنم کدوں کے بت ہو گئے پرانے
اپنوں سے بیر رکھنا تو نے بتوں سے سیکھا
جنگ و جدل سکھایا واعظ کو بھی خدا نے
تنگ آ کے میں نے آخر دیر و حرم کو چھوڑا
واعظ کا وعظ چھوڑا، چھوڑے ترے فسانے
پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے
خاکِ وطن کا مجھ کو ہر ذرہ دیوتا ہے